**AQF / Shabbir**

**11-11-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1. وزیراعظم نریندر مودی آج گجرات کے علاقے وَڑتال میں شری سوامی نارائن مندر کی، **200** ویں سالانہ تقریبات میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ شرکت کریں گے۔

2. جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

3. جسٹس سنجیو کھنہ آج صبح، بھارت کے چیف جسٹس کے طور پر حلف لیں گے۔

4. آر جی کر میڈیکل کالج کے، جونیئر ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کیس کی سنوائی آج سے کولکاتا کی خصوصی عدالت میں شروع ہورہی ہے۔

5. آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کی **29** ویں سالانہ کانفرنس **COP-29**، آج سے آذربائیجان کے شہر باکو میں شروع ہوگی۔

6. اور : خواتین کی ایشیائی ہاکی چمپئنز ٹرافی، آج سے بہار کے شہر راجگیر میں شروع ہورہی ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-SWAMINARAYAN**

وزیراعظم نریندر مودی آج گجرات کے شہر وَڑتال میں، شری سوامی نارائن مندر کی **200** ویں سالانہ تقریبات میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ شرکت کریں گے۔ وہ اس موقع پر ایک جلسے سے خطاب بھی کریں گے۔

وَڑتال میں شری سوامی نارائن مندر کئی دہائیوں سے لوگوں کی سماجی اور روحانی زندگی میں بہتری لانے کا سبب رہا ہے۔×

**JHARKHAND CAMPAIGN**

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ اِس مرحلے کے تحت 43 حلقوں میں بدھ کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ NDA اور I.N.D.I.A. بلاک کی مہم میں حصہ لینے والی سرکردہ شخصیات اپنے پارٹی امیدواروں کے حق میں ووٹروں کو راغب کرنے کی اپنی کوششوں میں مصروف ہیں۔

ایک رپورٹ۔ V/C Sanjeev Sharma

وزیراعظم نریندر مودی کا آج دن میں ساڑھے بارہ بجے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ''میرا بوتھ سب سے مضبوط'' پروگرام کے تحت جھارکھنڈ کے BJP پارٹی کارکنوں سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔ سینئر BJP رہنما امت شاہ سرائے کیلا حلقے کے تحت Adityapur کے فٹ بال گراؤنڈ میں سابق وزیراعلیٰ چمپئی سورین کی حمایت میں ایک ریلی کریں گے۔ کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے Panki اور چھترپور اسمبلی حلقوں میں دو انتخابی ریلیاں کریں گے۔ JMM کے سینئر رہنما اور وزیراعلیٰ ہمینت سورین، حسین آباد، سرائے کیلا، Ichagarh اور سِلی اسمبلی حلقوں کے چار مقامات پر انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھونتھ پور، پلامو، حسین آباد، ڈالٹن گنج اور Panki اسمبلی حلقوں میں سلسلہ وار جلسوں سے خطاب کریں گے۔ فلم اداکار متھن چکرورتی گھاٹ شِلہ اسمبلی حلقے کے تحت Mau Bhandar علاقے میں سرکس میدان میں BJP امیدوار بابو لال سورین کی حمایت میں ریلی سے خطاب کریں گے۔ آر جے ڈی AJSU کے رہنما اور لیفٹ پارٹیاں بھی ریاست کے مختلف حصوں میں انتخابی جلسے کریں گی۔

رانچی سے KK Lal کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

**MAHARASHTRA ELECTION**

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کے لیے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ریاست بھر میں ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کے لیے چناؤ مہم انجام دے رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC Prarthana

مرکزی وزیر اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے رہنما نتن گڈکری آج ناگپور میں چار مقامات پر ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ اور شیو سینا رہنما ایکناتھ شندے جالنا میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔ نائب وزیراعلیٰ اور BJP کے رہنما دیویندر فڈنویس ناگپور، گونڈیا اور ممبئی میں چناؤ مہم انجام دیں گے۔ نائب وزیراعلیٰ اور NCP صدر اجیت پوار نٹر بار، ناندیڑ اور امراوتی میں انتخابی مہم انجام

*دیں گے۔ NCP (SP) سربراہ شرد پوار MVA امیدواروں کی حمایت میں دُھلے اور جلگاؤں میں پانچ حلقوں میں چناؤ مہم انجام دینے جا رہے ہیں۔ گُل شیوسینا UBT سربراہ اُدھو ٹھاکرے نے Solapur میں جبکہ آدتیہ ٹھاکرے نے Byculla میں انتخابی مہم انجام دی تھی۔ اِس دوران مہاراشٹر کانگریس نے آئندہ انتخابات سے قبل پارٹی مخالف کارروائیوں کے لیے 22 آسمبلی حلقوں کے 28 باغی امیدواروں کو معطل کردیا ہے۔ ریاست میں ووٹنگ 20 نومبر کو ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔*

*ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....*

## ASSAM POLL

آسام اور مغربی بنگال میں اسمبلی ضمنی انتخابات کے لیے بھی چناؤ مہم کا آج آخری دن ہے۔ آسام میں بدھ کے روز ہونے والی پولنگ کی خاطر اسمبلی کی پانچ سیٹوں کے لیے کُل 34 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ NDA ، کانگریس اور BPF کے مختلف سینئر رہنما آج انتخابات والے علاقوں میں ووٹروں کو راغب کرنے کی کوشش کریں گے۔ ان پانچ سیٹوں کے لیے دس لاکھ سے زیادہ ووٹرس اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کر سکتے ہیں۔ کانگریس اور NDA سبھی پانچ سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہیں۔ NDA کے لیے BJP نے تین اسمبلی سیٹوں پر امیدواروں کو انتخابی میدان میں اتارا ہے جبکہ آسام گن پریشد اور UPPL کے لیے ایک۔ایک سیٹ پر امیدواروں کو کھڑا کیا ہے۔

مغربی بنگال میں سِتائی، مداری ہاٹ، نیہاٹی، ہارو، میدنی پور اور تال ڈانگرا کے چھ اسمبلی حلقوں میں بھی ضمنی انتخابات منعقد کیا جائے گا۔ انتخابی کمیشن ان اسمبلی حلقوں میں صاف و شفاف انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے جامع اقدامات کر رہا ہے۔ امن و قانون کو برقرار رکھنے کیلیے ریاستی پولیس اور فوری کارروائی کرنے والی ٹیموں کی مناسب تعداد کے ساتھ ساتھ مرکزی فورسز کی کُل 108 کمپنیاں تعینات کی جائیں گی۔ اِن چھ سیٹوں میں مجاز ووٹروں کی تعداد 15 لاکھ سے زیادہ ہے۔x

## KAMPTEE CONSTITUENCY

اسمبلی حلقوں کی ہماری سیریز کا احاطہ کرنے کے تحت آج ہم مہاراشٹر کے ناگپور ضلع میں کیمپٹی اسمبلی سیٹ کا جائزہ لے رہے ہیں۔ ریاستی BJP چیف چندر شیکھر باون کُلے 20 نومبر کو اِس سیٹ سے انتخاب لڑ رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Dhananjay

*شمالی ناگپور سے متصل اور مدھیہ پردیش کی سرحد پر واقع Nagpur Rural کا کیمٹی حلقہ پچھلے 15 برسوں سے BJP کا ایک مضبوط گڑھ رہا ہے۔ اِس حلقے میں ووٹروں کی کُل تعداد پانچ لاکھ ایک ہزار*

سے زیادہ ہے۔ 2014 کے انتخابات میں موجودہ BJP ریاستی صدر چندر شیکھر باون ُ کلے نے کانگریس کے امیدوار راجیدر ملِک کو شکست دی تھی۔ اِس آسمبلی انتخابات میں باون گُلے کیمپٹی حلقے سے چناؤ لڑیں گے جنھیں کانگریس امیدوار سریش Bhoyer کا سامنا ہے۔ اِس حلقے میں کُل 19 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ کیمپٹی حلقے میں تجاوزات، شدید بارش کے سبب فصلوں کے نقصانات اور بڑھتے جرائم جیسے معاملات سرِ فہرست ہیں۔

ناگپور سے دھننجے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنانے کے لیے میں .......

**CJI OATH**

آج جسٹس سنجیو کھنہ، بھارت کے 51 ویں چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لیں گے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، جسٹس کھنہ کو آج صبح راشٹر پتی بھون میں ایک خصوصی تقریب میں عہدے کا حلف دلائیں گی۔ جسٹس سنجیو کھنہ، جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی جگہ لیں گے، جو کل اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Anupam Mishra**

جسٹس سنجیو کھنہ، 14 مئی 1960 کو پیدا ہوئے تھے اور انہوں نے 1983 میں دلّی کی بار کونسل میں، ایک وکیل کی حیثیت سے اپنا اندراج کرایا تھا۔ انہوں نے دلّی کے تیس ہزاری کورٹ میں ضلع عدالت میں پریکٹس کی اور بعد میں دلّی ہائی کورٹ اور مختلف ٹرائیبونل عدالتوں میں پریکٹس کی۔ جسٹس کھنہ کا تقرر 2005 میں دلّی ہائی کورٹ کے ایک ایڈیشنل جج کے طور پر کیا گیا تھا اور انہیں 2006 میں ایک مستقل جج کی حیثیت حاصل ہوئی تھی۔ انہیں جنوری 2019 میں ترقی دے کر سپریم کورٹ کا جج مقرر کردیا گیا تھا۔ جسٹس سنجیو کھنہ، سپریم کورٹ کے بہت سے اہم فیصلوں میں شامل رہے، جیسے دفعہ-370 کی منسوخی کو برقرار رکھا جانا، الیکٹورل بانڈز اسکیم کا خاتمہ اور الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے استعال کو برقرار رکھا جانا، ان کی کارکردگی کی مدت تقریباً 6 مہینے ہے۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**RG KAR MURDER TRAIL**

مغربی بنگال میں، کولکاتا میں قائم آرجی کر میڈیکل و اسپتال میں ایک جونیئر خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور وحشیانہ قتل کا مقدمہ آج سے ایک خصوصی عدالت میں شروع ہوگا۔ مقدمے کی یہ کارروائی ایک فاسٹ ٹریک عدالت میں روزانہ کی بنیاد پر ہوگی۔ 9 اگست کی صبح، ایک جونیئر ڈاکٹر کی لاش آرجی کر اسپتال میں ملی تھی، جس کے 94 دن بعد مقدمے کی یہ کارروائی شروع ہورہی ہے۔ تحقیقات کے مرکزی بیورو CBI نے مقدمہ شروع کرنے سے 35 دن پہلے اس معاملے میں پہلی فرد جرم داخل کی تھی، جس میں سنجے رائے کو، آبرو ریزی اور قتل کے اس جرم میں اکیلا اصلی ملزم گردانا گیا تھا۔×

**INDIAN ROAD CONGRESS**

بھارتیہ سڑک کانگریس کا سالانہ جلسہ آج رائے پور میں اختتام پذیر ہوجائے گا۔ یہ چار روزہ جلسہ 8 نومبر کو شروع ہوا تھا، اور اس میں سڑک شعبے سے متعلق بہت سے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مذاکرات میں سڑکوں کی کوالٹی میں بہتری لانے اور حادثات کو کم سے کم کرنے کیلئے کئے جانے والے ضروری اقدامات پر توجہ دی گئی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Vikalp Shukla**

*سڑک کی ترقی سے متعلق محکمے کے ڈائریکٹر جنرل اور سڑک ٹرانسپورٹ اور قومی شاہراہوں کی وزارت کے خصوصی سکریٹری دھرمانند سارنگی کے مطابق مرکزی حکومت ملک بھر میں سیاہ راہداریوں اور سفید راہداریوں کا تعین کر رہی ہے۔ یہ تعین، پچھلے تین برسوں میں سڑک حادثوں سے متعلق اعداد وشمار کی بنیاد پر کیا جا رہا ہے۔ جن سڑکوں پر حادثات کی اطلاع نہیں ہے، انہیں سفید راہداریاں قرار دیا گیا ہے۔ یہاں حفاظت برقرار رکھنے کیلئے احتیاطی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ دوسری طرف حادثات کے اندیشے والے علاقوں کو سیاہ مقامات قرار دیا گیا ہے۔ یہاں مختصر اور طویل مدتی حفاظتی اقدامات کئے جارہے ہیں، تاکہ مستقبل میں یہ اندیشے باقی نہ رہیں۔*

*رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**ANDHRA PRADESH BUDGET**

آندھرا پردیش میں وزیرخزانہ آج اَمراوتی میں ریاستی اسمبلی میں مالی سال 2024-25 کا مکمل بجٹ پیش کریں گے۔ یہ بجٹ NDA اتحاد سرکار کا پہلا مکمل بجٹ ہے۔ NDA اتحاد نے اس سال جون میں اقتدار سنبھالا تھا۔×

**COP-29**

آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کی 29 ویں سالانہ کانفرنس COP-29، آج آذربائیجان کے شہر Baku میں شروع ہوگی۔ اِس دو ہفتے طویل کانفرنس میں، جسے "Finance COP" کا نام دیا گیا ہے، آب وہوا سے، سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ملکوں کیلئے، آب وہوا سے متعلق نئے مالی نشانے مقرر کرنے پر خاص توجہ دی جائے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Jigyasa Pandey

*COP-29 میں بھارت سمیت تقریباً 200 ملکوں کے مذاکرات کار یکجا ہوں گے اور عالمی سطح پر درجہ حرارت میں اضافے پر قابو پانے، پیرس معاہدے کے مقاصد کو آگے بڑھانے، آب وہوا کو مزاحم بنانے کے نظام کو مستحکم کرنے اور ترقی پذیر ملکوں کیلئے حمایت حاصل کرنے کا کام کریں گے۔ بھارت اور عالمی جنوب کیلئے رقوم، ٹیکنالوجی اور توانائی کے وسائل کی فراہمی، آب وہوا سے متعلق مقاصد کو پورا کرنے اور اس محاذ پر سماج کو تحفظ دینے کی راہ میں اہمیت کی حامل رہی ہے۔ بھارت اس سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کیلئے درکار فوری رقوم حاصل کرنے کی غرض سے آب وہوا سے متعلق عالمی مالی فریم ورک کو تشکیل دینے میں ایک اہم رول ادا کرتا رہا ہے۔ Baku میں بھارت، آب وہوا سے متعلق رقوم کیلئے، اجتماعی مقررہ نئے مقاصد NCQG حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔ یہ نشانے 2009 میں سالانہ طور پر مقرر کیے گئے 100 ارب ڈالر کے دیرینہ نشانوں سے کہیں زیادہ جدید ہیں۔ اس کانفرنس کی کامیابی کا سب سے بڑا واحد قدم یہ ہوگا کہ مذاکرات کار آب وہوا سے متعلق رقوم کے اُن نئے مقاصد سے متفق ہوجائیں، جن سے ترقی پذیر ملکوں کی ضرورتیں حقیقت میں پوری ہوتی ہوں۔*

*جگیاسا پانڈے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**JAISHANKAR RUSSIA DPM**

روس کے پہلے نائب وزیراعظم Dannis Manturov بھارت کے دورے کے لیے کل ممبئی پہنچ گئے۔ وزیر خارجہ ڈاکر ایس ے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ وہ بھارت اور روس کے تجارتی فورم میں حصہ لیے کے منتظر ہیں۔ بھارت روس-تجارتی فورم دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کرے گا۔x

**NHRC-MEA PROGRAMME**

انسانی حقوق کے قومی کمیشن NHRC، وزارت خارجہ کے ساتھ مل کر آج سے نئی دلّی میں، تکنیکی اور اقتصادی تعاون پر عمل کرنے سے متعلق صلاحیت سازی کا ایک 6 روزہ پروگرام منعقد کرے گا۔ نیپال، سری لنکا اور تھائی لینڈ سمیت 8 ملکوں کے

انسانی حقوق کے قومی اداروں کے سینئر افسران اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ NHRC نے بتایا کہ اس پروگرام کا مقصد مختلف خطوں میں انسانی حقوق کو فروغ دینا، انہیں تحفظ دینا اور مستحکم بنانا ہے۔×

**TELANGANA CYBER**

تلنگانہ سائبر سکیورٹی بیورو TGCSB، نے پچھلے 6 مہینوں کے دوران 165 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ اِن لوگوں پر، ریاست میں 795 سائبر جرائم اور ملک بھر میں تین ہزار سے زیادہ کیسز میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ بیورو ڈائریکٹر شیکھا گوئل نے بتایا کہ ریاست بھر میں سائبر جرائم سے متعلق 7 پولیس اسٹیشن قائم کئے گئے ہیں، جو اِس سال سے کارکردگی انجام دے رہے ہیں۔×

**IMD WEATHER**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں دور دور تک موسلہ دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق ساحلی آندھرا پردیش، یانم اور رایل سیما میں کل شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے کہا ہے کہ اگلے دو روز کے دوران مغربی پنجاب اور شمال مغربی راجستھان کے دور دراز کے علاقوں میں رات اور صبح کے وقت میں بہت شدید کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔x

**ISRAEL AIRSTRIKE**

لبنان کے جنوبی اور مشرقی علاقے میں اسرائیل کے ایک فضائی حملے میں، کم سے کم 24 افراد ہلاک اور بہت سے زخمی ہوگئے۔ لبنان کی قومی خبر ایجنسی کے مطابق زیادہ تر جانیں بال بیک شہر کے قصبوں اور گاؤوں پر، اسرائیل کی طرف سے کئے گئے فضائی حملوں میں ضائع ہوئی ہیں۔ اسی دوران حزب اللہ نے کہا ہے کہ اُس کے لڑاکوؤں نے اسرائیل میں، مقبوضہ قصبے شِیبا کے نزدیک، اسرائیلی فوجوں کے اجتماع اور HaGoshrim میں، اسرائیلی سپاہیوں کے ایک اجتماع کو نشانہ بنایا ہے۔

لبنان کی وزارت صحت کے مطابق، اکتوبر 2023 میں جب سے اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان لڑائی شروع ہوئی ہے، اسرائیل کے فضائی حملوں میں ملک میں مرنے والوں کی تعداد تین ہزار 189 ہوگئی ہے اور زخمیوں کی تعداد 14 ہزار 78 تک پہنچ گئی ہے۔×

**ASIAN HOCKEY TROPHY**

خواتین کی ایشین ہاکی چمپئن شپ ٹرافی 2024 آج سے بہار کے راجگیر میں شروع ہوگی۔ وزیراعلیٰ نتیش کمار آج شام

اس کا افتتاح کریں گے۔ بھارت کے علاوہ چین، جاپان، ملیشیا، کوریا اور تھائی لینڈ کی ہاکی ٹیم اس میں شرکت کریں گی۔
آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے بہار اسپورٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل Ravindran Sankaran نے کہا کہ ان چھ ٹیموں کے درمیان بہترین مقابلہ کا امکان ہے اور لوگوں کو پورے ٹورنامنٹ میں اچھے میچ دیکھنے کو ملیں گے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ریاستی حکومت کا مقصد ہے کہ مشرقی بھارت میں بہار کو کھیلوں کا ایک بڑا Hub بنایا جائے۔x

## MUST ANNOUNCEMENT

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے '' فضائی آلودگی، اس کے اثرات اور اس سے نمٹا جانا'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، صفدر جنگ اسپتال کے، سانس کی بیماریوں کے علاج سے متعلق محکمے کے پروفیسر نیرج گپتا اور ماحولیات کے ایک سینئر ماہر مُکل سانول کے ساتھ کیا جائے گا۔
پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔ صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر۔اور صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

## SQUASH

اسکواش میں بھارت کے ویر Chotrani نے کناڈا میں ہوئے Oaks Cup 2024 PSA Challanger کو جیت لیا ہے۔ فائنل میں کناڈا کے پانچویں سیڈ کے کھلاڑی Sala Eltorgman کو تین-صفر سے ہراکر انہوں نے یہ خطاب اپنے نام کیا۔ 23 سال کے Chotrani نے سیدھے سیٹوں میں جیت حاصل کرتے ہوئے اپنے کیریئر کی سب سے اونچی رینک حاصل کرلی ہے۔x

## CHESS CHENNAI

شطرنج میں چنئی گرانڈ ماسٹر 2024 کے چھٹے راؤنڈ میں گرانڈ ماسٹر Arvindh Chithambran نے دنیا کے نمبر دو Arjun Erigaisi کو ہرا دیا ہے۔ اس ہار سے ارجن اریگائسی کا جیت کا سلسلہ ٹوٹ گیا ہے اور چنئی گرانڈ ماسٹر کو جیتنے کی دوڑ دلچسپ ہوگئی ہے۔ ارجن اور Levon چار پوائنٹ کے ساتھ سب سے آگے ہیں جبکہ اروند اور Amin tabatabaei آدھے پوائنٹ سے پیچھے دوسرے مقام پر ہیں۔x

**CRICKET-T20**

کرکٹ میں کل رات جنوبی افریقہ نے بھارت کو ایک دلچسپ مقابلے میں تین وکٹ سے ہرا دیا۔ بھارت کے 125 رن کے نشانے کو میزبان ٹیم نے 19 اوورس میں سات وکٹ پر 128 رن بنا کر حاصل کرلیا۔ Tristan Stubbs نے بغیر آؤٹ ہوئے 47 رن بنائے جبکہ Gerald Coetzee نے نہایت اہم 9 گیندوں پر 19 رن بنائے۔ بھارت کی جانب سے ورن چکرورتی نے پانچ وکٹ حاصل کیے۔

اس سے پہلے بھارت کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 124 رن بنائے تھے جس میں ہاردک پانڈیا نے سب سے زیادہ 39 رن بنائے۔ Tristan Stubbs کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اس جیت کے ساتھ چار میچوں کی سیریز ایک۔ایک سے برابر ہوگئی ہے۔ سیریز کا تیسرا میچ بدھ کے روز Centurion میں کھیلا جائے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحیدحقانی

شکریہ - اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے جھارکھنڈ آسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لینے اور میٹنگ سے خطاب کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ ساتھ ہی تقریباً سبھی اخباروں نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے بی جے پی کا انتخابی منشور جاری کئے جانے کی خبر کو پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔

اخبار لکھتا ہے کہ منشور میں کسانوں کے قرض معاف کرنے کا وعدہ، خواتین، طلبہ، بزرگوں، روزگار اور کاروبار پر زور۔

ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر کے مطابق بھارتیہ بحریہ کی آبدوز INS بیلہ، سری لنکا کی بحریہ کے ساتھ دوستی کو مضبوط بنانے کی خاطر ایک رسمی دورے پر اتوار کو کولمبو بندرگاہ پہنچی۔ روس بین حکومتی کمیشن میں میٹنگ کے لیے روس کے نائب وزیراعظم آج سے بھارت کا دو روزہ دورہ کریں گے، اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اہمیت دی ہے۔

دلی میں فضائی آلودگی سے لوگوں کو فی الحال راحت ملنے کی امید نہیں۔ اس خبر کو پیش کرتے ہوئے راشٹریہ سہارا، پرتاپ، انقلاب سمیت کئی اخباروں نے مسلسل بارہویں دن اوسط AQI انتہائی خراب زمرے میں رہنے کی خبر کو شائع کیا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج گجرات کے علاقے وَڑتال میں شری سوامی نارائن مندر کی، 200 ویں سالانہ تقریبات میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ شرکت کریں گے۔

.2 جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

.3 جسٹس سنجیو کھنہ آج صبح، بھارت کے چیف جسٹس کے طور پر حلف لیں گے۔

.4 آر جی کر میڈیکل کالج کے، جونیئر ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کیس کی سنوائی آج سے کولکاتا کی خصوصی عدالت میں شروع ہورہی ہے۔

.5 آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کی 29 ویں سالانہ کانفرنس COP-29، آج سے آذربائیجان کے شہر باکو میں شروع ہوگی۔

.6 اور : خواتین کی ایشیائی ہاکی چمپئنز ٹرافی، آج سے بہار کے شہر راجگیر میں شروع ہورہی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------